**09.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شبانہ رحمان

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں آج نامیبیا کی راجدھانی Windhoek پہنچے۔ وہ آج شام نامیبیا کی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah سے بات چیت کریں گے۔

2 مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے کہا ہے کہ پلوامہ دہشت گردانہ حملے کیلئے دھماکہ خیز مادے کی خریداری ای کامرس پلیٹ فارم کے ذریعے کی گئی۔

3 گجرات کے وڈودرا میں ایک پُل کے منہدم ہونے سے 9 افراد ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔

4 بھارتی محکمہ موسمیات نے آج چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش میں بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5 اور ومبلڈن میں آج شام مردوں کے سنگلز میں اٹلی کے Jannik Sinner کا مقابلہ امریکہ کے کھلاڑی سے جبکہ ایک اور مقابلے میں اٹلی کے کھلاڑی کا سامنا سربیا کے کھلاڑی سے ہوگا۔

6 اور : مردوں کے ہاکی میں نیدرلینڈس میں بھارت نے، آئرلینڈ پر ایک کے مقابلے چھ گول کی جیت کے ساتھ یوروپ کے ٹور کا آغاز کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**PM-NAMIBIA VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی 5 ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں آج نیمبیا کے شہر وِنڈ ہاک پہنچ گئے ہیں۔ وہ نیمبیا کی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم مودی کا نیمبیا کا یہ پہلا دورہ، جبکہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا تیسرا دورہ ہے، جو تقریباً 3 دہائیوں کے بعد ہو رہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کا Windhoek میں Hosea Kutako بین الاقوامی ہوائی اڈے پر رسمی استقبال کیا گیا اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Aparna Khunt

*Hilton ہوٹل پہنچنے پر بھارتی برادری کے لوگوں نے وزیراعظم نریندر مودی کا جوش وخروش اور*

نعروں کے ساتھ والہانہ استقبال کیا گیا۔نامیبیا کے اُن کے پہلے دورے کے دوران وزیراعظم کے اعزاز میں گربا رقص پیش کیا گیا اور یوگ کے آسن کیے گئے۔ بھارت اور نامیبیا کے درمیان اسٹیٹ ہاؤس میں وفد کی سطح کی بات چیت ہوگی۔ دونوں ملکوں کے درمیان مختلف اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیے جانے کی امید ہے، جس میں توانائی سے متعلق سکیورٹی، طبی نگہداشت اور دوا سازی کے کلیدی شعبے شامل ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم نامیبیا کے بانی رہنما اور پہلے صدر آنجہانی ڈاکٹر Sam Nujoma کو بھی خراج عقیدت پیش کریں گے۔ساتھ ہی جناب مودی کو باہمی رشتوں کو مستحکم کرنے میں ان کے تعاون کے صلے میں نامیبیا کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ سے بھی نوازا جائے گا۔ بعد میں وزیراعظم نامیبیا کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے۔

Windhoek سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

## PM-BRAZIL TALKS

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل Brasilia میں، برازیل کے صدر Luiz Inacia Lula da Silva کے ساتھ بات چیت کی۔ برازیل کے صدر کے ہمراہ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور برازیل نے اگلے 5 سال میں باہمی تجارت بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک پہنچانے سے اتفاق کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملک بھارت-Mercosur ترجیحی تجارتی معاہدے کو وسعت دینے کیلئے بھی کام کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور برازیل تجارت، ماحولیات کیلئے سازگار صاف ستھری توانائی، دفاع، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں اشتراک کو وسعت دینے کیلئے کام کریں گے۔×

## FATF-E COM

دہشت گردی کی مالی اعانت پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے کہا ہے کہ بھارت میں دہشت گردانہ حملے کیلئے ساز و سامان کی خریداری میں ای کامرس پلیٹ فارم کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس کا انکشاف جموں و کشمیر کے پلوامہ اور اترپردیش کے گورکھناتھ مندر میں ہوئے دہشت گردانہ حملے میں ہوا ہے۔ FATF نے دہشت گردی کی مالی معاونت کے خطرات سے متعلق ایک جامع رپورٹ میں کہا ہے کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم جیسے سوشل میڈیا، پیغامات بھیجنے والے ایپلی کیشنز اور کراؤڈ فنڈنگ سائٹس کا دہشت گردی کی مالی معاونت کیلئے تیزی سے غلط استعمال کیا جارہا ہے۔ اس رپورٹ میں براہِ راست مالی مدد، لاجسٹکس اور مادی مدد، تربیت کی فراہمی جیسی معاونت کی کئی قسموں کی اطلاع دی گئی ہے۔

2019 کے پلوامہ دہشت گردانہ حملے میں ایک خودکش بم حملے میں بھارتی سیکورٹی فورسز کے قافلے کو نشانہ بنایا گیا

تھا، جس کے نتیجے میں 40 فوجی اہلکار ہلاک ہوگئے تھے۔ بھارتی حکام نے نتیجہ اخذ کیا کہ اس حملے کی سازش جیش محمد نے رچی تھی۔ تحقیقات سے بھارت میں سرحد پار سے بڑی مقدار میں دھماکہ خیز مادے کے آنے کا انکشاف ہوا ہے اور حملے میں استعمال ہونے والے دھماکہ خیز آلات کے ایک اہم حصہ کی خریداری ای کامرس پلیٹ فارم کے ذریعے کی گئی تھی۔ اس سال جون میں مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے اور کہا کہ مالی مدد کے بغیر یہ حملہ انجام نہیں دیا جاسکتا تھا۔ x

## GUJRAT-BRIDGE COLLAPSE

گجرات کے وڈورا ضلعے میں Padra کے نزدیک آج صبح ایک پل کے منہدم ہونے سے 9 افراد ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ آنند اور وڈودرا ضلعوں کو جوڑنے والے گمبھیرا پل کا ایک حصہ منہدم ہوگیا، جس کے نتیجے میں پانچ گاڑیاں مہی ساگر ندی میں گر گئیں۔ وڈودرا ضلعی انتظامیہ سمیت مقامی حکام نے فوری طور پر بڑے پیمانے پر بچاؤ کا کام شروع کیا۔ وڈودرا کے ایس پی روہن آنند نے کہا کہ مقامی افراد اور تیراک بھی بچاؤ کے کام میں شامل ہوگئے ہیں۔ تلاش اور بچاؤ کے کام میں کشتی کے ذریعے مدد فراہم کرنے کیلئے آنند سے آگ بجھانے ولے عملے کی تین ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہیں۔

## PM-BRIDGE COLLAPSE

وزیراعظم نریندر مودی نے گجرات کے آنند ضلعے میں ایک پل منہدم ہونے کے حادثے میں جانی اتلاف پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے مہلوکین کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ وزیراعظم مودی نے وزیراعظم قومی راحتی فنڈ سے لواحقین کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ x

## VICE CHANCELLORS CONF

تعلیم کی وزارت کل سے گجرات کے کیوڑیا میں مرکزی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرس کی دو روزہ کانفرنس منعقد کررہی ہے۔ 2020 کی قومی تعلیمی پالیسی کے نفاذ کے پانچ سال مکمل ہونے پر منعقد اس کانفرنس میں مرکزی یونیورسٹیوں کے رہنما اکٹھا ہوں گے، تاکہ اداروں کی ترقی کا جائزہ لیا جاسکے اور مستقبل کی سمت کا مشترکہ طور پر تعین کیا جاسکے۔x

## IMD-WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش میں بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

آ کاشوانی نیوز سے خصوصی بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر کے Jenamani نے کہا کہ اگلے دو روز کے دوران وسطی بھارت میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو روز میں شمالی بھارت میں بارش کے تعلق سے ایک آرینج الرٹ بھی جاری کیا ہے۔ جناب Jenamani نے مزید کہا کہ دلّی اور اس سے متصل NCR خطے میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔×

**ED-DONKEY ROUTE CASE**

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ، امرتسر، سنگرور، پٹیالہ، موگا، امبالہ، کروکشیتر اور کرنال میں 11 مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں انجام دے رہی ہے۔ یہ کارروائیاں ڈنکی روٹ کیس کے سلسلے میں کی جارہی ہیں، جو غیر قانونی طور پر امریکہ جانے والے تارکین وطن سے متعلق ہے۔

اس سال فروری میں امریکہ سے ملک بدر کئے گئے غیر قانونی تارکین وطن کی بنیاد پر پنجاب اور ہریانہ کی پولیس نے 17 ایف آئی آر درج کی تھیں۔ تحقیقات کے دوران اس بات کا انکشاف ہوا کہ ویزا ایجنٹ اور دلالوں نے امریکہ جانے کے خواہشمند مختلف افراد کو دھوکہ دیا، ان معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کیلئے ایجنٹوں نے مختلف طریقے استعمال کئے۔×

**BIHAR BANDH**

بہار میں RJD اور کانگریس کی قیادت والے عظیم اتحاد کے ذریعے بہار بند اور چکہ جام کا ملا جُلا اثر دیکھنے کو مل رہا ہے۔ RJD، کانگریس، وکاس شیل انسان پارٹی اور بائیں بازو کی پارٹیوں نے ریاست میں جاری ووٹر لسٹ پر خصوصی نظر ثانی کی مہم کے احتجاج میں ریاست بھر میں بند کا اعلان کیا ہے۔ صبح سے سڑکوں پر عام دنوں کے مقابلے کم گاڑیاں چل رہی ہیں۔ بند کے حامیوں نے متعدد مقامات پر سڑکوں کو بند کردیا ہے اور ٹرینوں کو روک دیا ہے۔ تاہم سرکاری اور دیگر ادارے معمول کے مطابق کام کررہے ہیں۔ x

**WB-STRIKE**

مختلف ٹریڈ یونینوں اور لیبر تنظیموں کے حامیوں نے آج مغربی بنگال میں بھارت بند کا اعلان کیا ہے۔ حامی افراد محنت کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا کو پچھلے سال سونپے گئے 17 نکاتی مطالبات کے چارٹر کیلئے جلوس کی شکل میں مارچ کررہے ہیں۔ اِن مطالبات میں بند ہوئے چائے باغان اور مِلوں کو پھر سے کھولا جانا، نوجوانوں کیلئے روزگار، پرانی پنشن اسکیم کو پھر سے شروع کیا جانا، کُل وقتی عہدوں اور دیگر میں ٹھیکے پر تقرریوں کا سلسلہ بند کیا جانا شامل ہے۔×

**KAILASH MANSAROVAR YATRA**

کیلاش مانسروَر یاترا 2025 کا پانچواں جتھا آج صبح دلّی سے روانہ ہوا، جو ناتھولا سکم کے راستے گزرے گا۔ یہ گروپ 49 افراد پر مشتمل ہے، جس میں 42 یاتری، دو رابطہ کار افسر اور ایک ITBP ڈاکٹر شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ معاون عملے کے چار افراد پہلے ہی گینگٹاک میں موجود ہیں۔ یہ جتھا آج دوپہر Bagdogra پہنچے گا۔×

**TRUMP NETANYAHU TALKS**

اسرائیل کے وزیرِاعظم بنجامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ان کی میٹنگ، غزہ میں یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی کی کوششوں پر مرکوز رہی۔ نتن یاہو نے کہا کہ وہ حماس کی فوجی اور انتظامی صلاحیتوں کا خاتمہ کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ اس کے علاوہ انھوں نے ایران پر حاصل فتح کے نتائج اور امکانات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسری مدت کار کے آغاز سے نتن یاہو کا یہ تیسرا امریکی دورہ ہے۔x

**FRANCE-UK SUPPORT ON GAZA**

فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں نے غزہ میں غیر مشروط جنگ بندی کیلئے کہا ہے۔ وہ برطانیہ کی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے فلسطین کو ایک ریاست کے طور پر تسلیم کرنے کیلئے فرانس کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے برطانیہ پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ دو مملکتی حل اور فلسطینی ریاست کا تسلیم کیا جانا پورے خطے میں امن اور استحکام حاصل کرنے کا واحد راستہ ہے۔ فرانس کے صدر، برطانیہ کے سرکاری دورے پر ہیں۔ x

**WIMBLEDON**

ومبلڈن میں، لندن میں آل انگلینڈ کلب میں آج شام کوارٹر فائنل کے میچ کھیلے جائیں گے۔ مردوں کے سنگلز میں اٹلی کے Jannik Sinner کا مقابلہ امریکہ کے Ben Shelton سے ہوگا۔ دوسرے میچ میں اٹلی کے Flavio Cobolli کا سامنا 24 مرتبہ کے گرینڈ سلیم فاتح سربیا کے کھلاڑی نوواک جوکووچ سے ہوگا۔

خواتین کے سنگلز میں پولینڈ کی کھلاڑی Iga Swiatek کا مقابلہ روس کی Luidmila Samsinova سے ہوگا، جبکہ دوسرے میچ میں روس کی Mirra Andreeva، سوئٹزر لینڈ کی کھلاڑی Belinda Bencic سے مقابلہ کریں گی۔

**INDIA-IRELAND HOCKEY**

بھارت اے مردوں کی ہاکی ٹیم نے نیدرلینڈ کے Eindhoven میں واقع ہاکی کلب Oranje-Rood میں آئرلینڈ

پر 6-1 کی شاندار جیت کے ساتھ اپنے یورپ دورے کی شروعات کی۔ آئرلینڈ صرف ایک گول کرنے میں کامیاب رہا۔ بھارت آج رات ساڑھے نو بجے دوبارہ آئرلینڈ کا سامنا کرے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆